36518-قربانی ذبح کرتے وقت نیت کے الفاظ کی ادائیگی کرنا

سوال

کیا نیت کے الفاظ کی ادائیگی جائز ہے مثلا : اگر میں اپنے فوت شدہ والد کی جانب سے قربانی کرنا چاہوں تو یہ کہوں : اے اللہ یہ میرے والد کی قربانی ہے ، یا میرے لیے الفاظ کی ادائیگی کیے بغیر ہی کام کرلینا ہی کافی ہے ؟

پسندیدہ جواب

نیت کی جگہ و محل دل ہے لھذا جو بھی قصداورارادہ کرے وہ دل میں ہی ہونا چاہیے اورزبان سے الفاظ کی ادائیگی نہ کرے بلکہ ذبح کرتے وقت بسم اللہ اللہ اکبر کہے اس کی دلیل بخاری و مسلم کی مندرجہ ذیل حدیث ہے :

انس رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے دو مینڈھے ذبح کیے اور بسم اللہ اللہ اکبر کہا) صحیح بخاری (130/7) حدیث نمبر (5554) صحیح مسلم حدیث نمبر (1966) مسند احمد (3/115) ۔

اوراس میں کوئی مانع نہیں کہ آپ یہ کہہ لیں اے اللہ یہ قربانی میرے والد کی جانب سے ہے ، اوریہ نیت کی الفاظ کی ادائیگی نہیں ۔

اوراللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .